


Zara's Family | زارا کا خاندان

By Anam k. K



زارا ایک پیارے گھر میں
رہتی ہے۔ اسے اپنا گھر
بہت پسند ہے۔ اس کا
خاندان بہت اچھا ہے۔

Zara ek pyaray ghar mein rehti hai. Usay apna ghar bohat pasand hai. Us ka khandan bohat acha hai.



یہ زارا کی امی ہیں، جن کا نام پروین ہے۔ وہ بہت مہربان ہیں۔ پروین کچن میں مزیدار کھانا بناتی ہیں۔

Yeh Zara ki Ami hain, jin ka naam Parveen hai. Wo bohat meharban hain. Parveen kitchen mein mazedar khana banati hain.



یہ زارا کے ابو ہیں، جن کا نام خالد ہے۔ وہ بہت محنتی ہیں۔ خالد شام کو گھر آتے ہیں اور بچوں کے ساتھ وقت گزارتے ہیں۔

Yeh Zara ke Abbu hain, jin ka naam Khalid hai. Wo bohat mehnti hain. Khalid shaam ko ghar aatay hain aur bachon ke sath waqt guzartay hain.



علی زارا کا چھوٹا بھائی ہے۔
وہ بہت شرارتی ہے اور
اسے کھلونوں سے کھیلنا بہت
پسند ہے۔ Ali Zara ka
chota bhai hai. Wo bohat
shararti hai aur usay
khilonon se khelna bohat
pasand hai.



سارہ زارا کی چھوٹی بہن ہے۔ سارہ سکول جاتی ہے اور اسے کتابیں پڑھنا اچھا لگتا ہے۔

Sara Zara ki choti behen hai. Sara school jati hai aur usay kitabain parhna acha lagta hai.



رات کو سب مل کر کھانا
کھاتے ہیں۔ خالد صاحب
اور زارا میز پر بیٹھے باتیں کر
رہے ہیں۔ Raat ko sab mil
kar khana khatay hain.
Khalid Sahab aur Zara
maiz par bethay batein
kar rahay hain.



پروین بیگم اور سارہ بھی میز پر بیٹھ کر کھانا کھا رہی ہیں۔ سب ایک ساتھ بہت خوش نظر آتے ہیں۔

Perveen Begum aur Sara bhi maiz par beth kar khana kha rahi hain. Sab ek sath bohat khush nazar aatay hain.



زارا اپنے ابو کی مدد کرنا پسند کرتی ہے۔ آج وہ اور خالد مل کر ایک پرانی کرسی ٹھیک کر رہے ہیں۔

Zara apne Abbu ki madad karna pasand karti hai. Aaj wo aur Khalid mil kar ek purani kursi theek kar rahay hain.



زارا کا خاندان ایک دوسرے
کا خیال رکھتا ہے۔ زارا
اپنے خاندان سے بہت پیار
کرتی ہے۔ Zara ka
khandan ek doosray ka
khayal rakhta hai. Zara
apne khandan se bohat
pyar karti hai.